ہے کتاب کی پذیرائی اور ثقاہت میں اضافے کا باعث ہوگا۔ کتاب کی جلد بندی مضبوط اور طباعت واشاعت درمیانے درجے کی ہے۔

نحو میر (اردو)، مترجم: علی الرحمٰن فاروقی، صفحات: ۱۳۵۔

یہ علم النحو کی مشہور ومعروف اور داخلِ درس کتاب ''نحو میر'' کا اردو ترجمہ ہے، جو مدرسہ ارشاد العلوم یوسفیہ جونا مارکیٹ کراچی کے مدرس مفتی علی الرحمٰن فاروقی کا مرتب کردہ ہے، ٹائٹل پر اس کا تعارف ان الفاظ میں پیش کیا گیا ہے:

> ''نحو میر کا بامحاورہ اردو ترجمہ، بقدرِ ضرورت حاشیہ کا اہتمام، مشکل مقامات کی مختصر تشریح، عنوانات وتمرینات کا اضافہ، قدیم مثالوں کی جگہ جدید مثالیں''۔

یہ ترجمہ کارڈ ٹائٹل کے ساتھ شائع ہوا ہے، اور اس کی اشاعت کا اہتمام ادارۃ العلم والارشاد کراچی نے کیا ہے۔

الفوائد الأمانية في تسهيل النحو، مؤلف: مولانا امان اللہ، ناشر: شعبہ نشر واشاعت، مدرسہ عربیہ دار العلوم ربانیہ کوئٹہ، صفحات: ۱۳۵، قیمت: ۵۰ روپے۔

نحو میر کا یہ اردو ترجمہ سوال وجواب کی صورت میں تحریر کیا گیا ہے اور ساتھ ساتھ عربی جملوں کی تراکیب بھی ذکر کی گئی ہیں، ابتداء میں ایک مقدمہ شامل کیا گیا ہے، جس میں علم نحو کی تعریف، موضوع، غرض وغایت اور واضع کے متعلق گفتگو کی گئی ہے، سوال وجواب کا یہ انداز مبتدی طلبہ کے لئے انتہائی سہل اور مفید ہے۔ البتہ اردو ترجمے کی زبان ناقص ہے، کمپوزنگ کی غلطیاں بھی موجود ہیں، بعض جگہ عربی جملوں کا ترجمہ غلط کیا گیا ہے، چنانچہ صفحہ نمبر 94 میں عبارت ہے:

> "خالد مُخبَرٌ ابنَه عمراً فاضلاً"، ''خالد خبر دیا گیا ہے کہ اس کا بیٹا عمرو فاضل ہے''۔
>
> آگے اس جملے کی ترکیب کی گئی ہے: ''خالد'' مبتدا، ''مُخبَرٌ'' اسم مفعول معتمد ''خالد'' مبتدا پر۔ ''ابن'' مضاف، ''ہ'' ضمیر مضاف الیہ۔ مضاف، مضاف الیہ مل کر مفعول لم یسم فاعلہ ہوا اسم مفعول کا۔ عمراً مفعول ثانی۔ فاضلاً مفعول ثالث''۔

ترجمہ میں ''خالد'' مبتدا کی طرف ضمیر راجع کرکے اس کو نائب فاعل بنایا گیا ہے جب کہ ترکیب میں "ابنہ" کو نائب فاعل کہا گیا ہے، اسی طرح ترجمہ کے مطابق، "عمروا"، "ابنہ" سے بدل ہے اور ترکیب میں ''عمراً'' کو مفعول ثانی قرار دیا گیا ہے، ترکیب نیچے صحیح کی گئی ہے لیکن اوپر ترجمہ غلط کیا گیا ہے، ترجمے کی غلطی کی وجہ سے "ابنہ" کو منصوب پڑھ کر اس پر اعراب بھی غلط لگایا گیا ہے۔ امید ہے آئندہ ایڈیشن میں اس طرح کے امور کی اصلاح کردی جائے گی۔

☆☆......☆☆